نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیراعظم پاکستان کے زرعی ایمرجنسی پروگرام کے تحت تیلدار اجناس کے قومی پروگرام کے فروغ کے تحت کینولہ کے پیداواری مقابلہ کے لئے کاشتکاروں سے درخواستیں طلب۔

جیتنے والے کاشتکاروں کے لئے لاکھوں روپے کے نقد انعامات

لاہور 18 نومبر 2021: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق وزیراعظم پاکستان کے زرعی ایمرجنسی پروگرام کے تحت 5ارب 11 کروڑ روپے کی لاگت سے منصوبہ پر عملدرآمد جاری ہے۔اس منصوبہ کے تحت بہاولنگر، بہاولپور، بھکر، فیصل آباد، جھنگ، قصور، خانیوال، لودھراں، میانوالی، ملتان، مظفر گڑھ، اوکاڑہ، سرگودھا، ٹوبہ ٹیک سنگھ اور وہاڑی کے 3 یا 3 ایکڑ سے زائد قابلِ کاشت اراضی کے مالک مرد و خواتین کاشتکار درخواست دینے کے اہل ہوں گے۔اس سلسلے میں مشترکہ کھاتہ رکھنے والے کاشتکار بھی اہل ہوں گے نیز مزارعین/ٹھیکیدار بھی دستاویزات کی تحصیل کمیٹی سے تصدیق کرانے کے بعد درخواست دے سکتے ہیں۔پیداواری مقابلہ میں حصّہ لینے والے کاشتکار 3 ایکڑ متصّل فصل کینولہ جس میں کوئی بھی محکمہ زراعت پنجاب کی منظور و تصدیق شدہ اقسام کاشت کی گئی ہو مقابلہ کے لئے پیش کر سکیں گے۔مقابلہ کے لئے شرائط درخواست فارم پر درج ہیں جو متعلقہ ڈپٹی ڈائریکٹر اور ڈویژنل ڈائریکٹر کے دفتر سے مفت حاصل کر سکتے ہیں یا محکمہ زراعت کی ویب سائٹ www.agripunjab.gov.pk سے ڈاؤن لوڈ کئے جا سکتے ہیں۔فارم فوٹو کاپی بھی قابلِ قبول ہوگی۔کاشتکار درخواستیں اپنے ضلع کے متعلقہ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (توسیع) کے دفتر میں 10 دسمبر 2021 تک جمع کروائیں۔یاد رہے، اس مقابلہ کے لئے اراکین قومی و صوبائی اسمبلی، سینیٹرز، ان کے فیملی ممبرز اور گریڈ 17 اور اوپر کے سرکاری ملازمین درخواست دینے کے اہل نہ ہوں گے۔ان کے علاوہ ترقی پسند کسان جو ضلعی یا ڈویژنل کمیٹی کے ارکان مقرر ہوں وہ بھی مقابلہ کیلئے اہل نہ ہوں گے۔پیداواری مقابلہ میں صوبائی سطح پر بھی منعقد ہوگا اور صوبائی کمیٹی کا فیصلہ حتمی ہوگا۔جیتنے والے کاشتکار کیلئے لاکھوں روپے کے نقد انعامات دیئے جائیں گے۔مزید معلومات کے لئے خواہشمند کاشتکار دفتری اوقات میں فون نمبر 04299200752 پر رابطہ قائم کر سکتے ہیں۔

☆☆☆☆